© rasailojaraid.com

# نقـــد و تبصـــره

(تبصرے کے لیے دو نسخے ارسال فرمائیے )

محفلے دیدم

اثرخامہ : حیرت شملوی

مرتبہ : سید انیس شاہ جیلانی

ناشر : حیرت شملوی اکادمی، محمد آباد صادق آباد رحیم یار خان

صفحات : ۲۵۰ ، قیمت درج نہیں

حیرت شملوی کی مختصر تحریروں کا مجموعہ ہے۔ اس میں تقریباً سو عنوانات ھیں جن میں زیادہ تر شخصیات ہیں۔ شخصیات میں ہر طرح کے لوگ ھیں ۔ علمی ، ادبی، سیاسی ، مشہور ، غیر مشہور ۔ ان تحریروں کی نوعیت زیادہ تر مشاھدہ اور ذاتی تجربے کی ہے۔ جس کے لئے „ محفلے دیدم ،، کا نام بہت موزوں ہے۔ ان متفرق مختصر تحریروں کو حیرت شملوی کے ایک ارادت مند سید انیس شاہ جیلانی نے مرتب کرکے شائع کر دیا ہے۔ ان کا مقصد اپنے ممدوح کی قلمی یادگاروں کو محفوظ کر دینا ہے۔

(شرف الدین اصلاحی )

© rasailojaraid.com